BRAMPTON

**Media Release**

برائے فوری اجراء

# سٹی آف برامپٹن نے اکنامک امپاورمنٹ اینڈ اینٹی بلیک ریس ازم کے لیے سینئر ایڈوائزر کا اعلان کر دیا

برامپٹن، آن (19 جون 2020) – آج گوینتھ چیپ مین کو سٹی آف برامپٹن کی حالیہ طور پر اعلان کردہ بلیک ایفریکن اینڈ کیریبئن سوشل، کلچرل اینڈ اکنامک امپاورمنٹ اینڈ اینٹی بلیک ریس ازم یونٹ کے سینئر ایڈوائزر کے طور پر مقرر کیا گیا ہے، جس کی منظوری سٹی کونسل کی جانب سے 10 جون 2020 دی گئی تھی۔

آفس آف دی چیف ایڈمنسٹریٹو آفیسر کے دفتر میں اپنی خدمات فراہم کرنے والی، مس چیپ مین اس یونٹ کے قیام کو ممکن بنائیں گی اور اس کی قیادت کریں گی اور برامپٹن کے نظام میں موجود سیاہ فام افراد کے خلاف ممکنہ نسل پرستی کو ختم کرنے کے لیے اس کا منصوبہ کار تیار کریں گی۔ مقامی کمیونٹی کے اہم فریقین کی جانب سے رہنمائی کے ساتھ، یہ کام برامپٹن کی سیاہ فام کمیونٹی کی سماجی، ثقافتی اور معاشی حالت کو بہتر بنانے پر مرکوز ہو گا۔

کمیونٹی کے ساتھ تعامل، حمایت اور ابلاغ میں ایک جامع پس منظر کے ساتھ، مس چیپ مین کا تجرجہ سٹی اور کمیونٹی کی اچھی طرح خدمت کرے گا، کیونکہ وہ عملے اور مقامی کاروباروں اور اہم فریقین کے درمیان کلیدی رابطہ کار کے طور پر کام کریں گی۔ حالیہ ترین طور پر مس چیپ مین نے کینیڈین بلیک کاکس، انسپائرنگ اینڈ امپاورنگ یوتھ نیٹ ورک اور انسپائرنگ یُو میڈیا پروڈکشنز کی صدر کے طور پر کام کیا ہے۔ کمیونٹی کی ایک ہمدرد رہنماء کے طور پر، مس چیپ مین نے ٹیلیویژن کی صنعت میں بھی بہت کام کیا ہے، بشمول CTV اور سٹی ٹی وی، جس میں با اختیار بنانے والے ایسے معیاری پروگرام تیار کیے گئے ہیں، جو سیاہ فام کمیونٹی کی خدمات کو نمایاں کرتے ہیں۔

مس چیپ مین ٹورانٹو کی افریقی کینیڈین کمیونٹی کے لیے ایک تربیت کار اور کمیونٹی رابطہ کار، دونوں کے طور پر کردار ادا کرتے ہوئے نوجوانوں کے ساتھ مل کر کام کرنے کی وسیع تاریخ رکھتی ہیں۔ مس چیپ 100 اکامپلشڈ بلیک وومن ایوارڈ اور کمیونٹی کو ان کی خدمات کے لیے بلیک بزنس اینڈ پروفیشنز ایسوسیئیشن کی جانب سے  وومن آف آنر وصول کر چکی ہیں اور کمیونٹی کی خدمت اور میڈیا کے شعبے میں 2008 میں ہیری جیروم ایوارڈ کے لیے نامزد ہوئی تھیں۔ سال 2013 میں، مس چیپ مین کو کمیونٹی کی خدمت کے لیے کوئین الیزابتھ ڈائمنڈ جوبلی ایوارڈ سے بھی نوازا گیا تھا۔

مزید جاننے یا سٹی کی جانب سے بلیک ایفریکن اینڈ کیریبئن سوشل، کلچرل اینڈ اکنامک امپاورمنٹ اینڈ اینٹی بلیک ریس ازم یونٹ کی تیاری میں شامل ہونے میں دلچسپی ظاہر کرنے کے لیے، براہ کرم سٹی سے AntiBlackRacismUnit@brampton.ca پر رابطہ کریں۔ اس اہم قدم کی نگرانی میئر اور کونسلرز اور کمیونٹی کے فریقین کے ساتھ شراکت داری میں آفس آف دی چیف ایڈمنسٹریٹر آفیسر کرے گا۔

کمیونٹی کے لیے اس عمل میں شامل ہونے اور اپنی آواز ہم تک پہنچانے کے لیے مواقع کو عنقریب عوامی طور پر شیئر کیا جائے گا۔

**اقتباسات**

"ہم تاریخ میں ایک اہم لمحے سے گزر رہے ہیں، جہاں ہم اپنی کمیونٹیوں کو سیاہ فام افراد کے خلاف موجودہ نظام میں موجود نسل پرستی کے خلاف مل کر کھڑا ہوتا دیکھ رہے ہیں۔ عوامی عہدیداروں کے طور پر، ہم سمجھتے ہیں کہ ایسے بامعنی عمل کی ذمہ داری ہم پر عائد ہوتی ہے، جو حقیقی تبدیلی کا سبب بنے۔ ہم اپنے شہر میں حقیقی مساوات قائم کرنا جاری رکھنے کے لیے مس چیپ مین اور برامپٹن کی پہلی  بلیک ایفریکن اینڈ کیریبئن سوشل، کلچرل اینڈ اکنامک امپاورمنٹ اینڈ اینٹی بلیک ریس ازم یونٹ کے ساتھ مل کر کام کرنے کے لیے پرامید ہیں۔"

*- پیٹرک براؤن، میئر، سٹی آف برامپٹن*

"ایک شہری انتظامیہ کے طور پر، ہم جانتے ہیں کہ ہم پر اس بات کو یقینی بنانے کے لیے بہت بڑی ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ ہمارا کام برامپٹن کی متنوع کمیونٹی کی مدد اور عکاسی کرے۔ مس چیپ مین سیاہ فام افراد کے خلاف نظام میں موجود نسل پرستی کے خلاف ہمارے منصوبہ کار کی تیاری کی قیادت میں ایک بیش قیمت کردار ادا کریں گی، جو ایک ایسی ثقافت اور کمیونٹی بنانے میں مدد دے گا، جو مشمول، ہمدرد اور سب کے لیے یکساں ہو۔"

*- ڈیوڈ بیرک، چیف ایڈمنسٹریٹو آفیسر، سٹی آف برامپٹن*

"مجھے سٹی آف برامپٹن کے ساتھ کام کرنے پر خوشی ہے، جو کمیونٹی میں موجود نسل پرستی کو ختم کرنے کے لیے ایک فعال طریقہ کار اپنا رہا ہے۔ میں سٹی کے ملازمین، کونسل اور مقامی کمیونٹی کے ساتھ مل کر کام کرنے کے لیے اور اپنے تجربے کو استعمال کرنے کے لیے قیادت کے اس موقع کے لیے پرجوش ہوں، جبکہ ہم سب برامپٹن میں نسل پرستی کا مؤثر ردعمل دینے اور اسے ختم کرنے کے لیے مشترکہ طور پر کام کر رہے ہیں۔ ہمیں لازمی طور پر باہمی تعلق کا ایک احساس پیدا کرنا ہو گا۔ ہمیں اپنے شہریوں کے استعمال میں نہ آنے والی توانائیوں، بامعنی تبدیلی میں کردار ادا کرنے کی ان کی خواہش اور اس شہر کی توضیحی معاشی بڑھوتری میں کردار ادا کرنے کے موقع کو سمجھنا ہو گا۔ بہت لمبے عرصے سے، کینیڈا کے زبردست، جدت پسند اور سخت محنت کرنے والے سیاہ فام باشندوں کو صرف ان کی جلد کے رنگ کی وجہ سے نظرانداز اور علیحٰدہ کیا گیا ہے۔ اسے ابھی روکنا ہو گا! ایک عظیم شہر بننے کے لیے، ہمیں تمام شہریوں کو با اختیار بنانے کا عزم کرنا ہو گا۔ اب ہم کسی گروہ کو پیچھے چھوڑنے پر مزید ہرگز تیار نہیں ہوں گے۔"

*- گوینتھ چیپ مین، سینئر ایڈوائزر، اکنامک امپاورمنٹ اینڈ اینٹی بلیک ریس ازم، سٹی آف برامپٹن*

30--

**کینیڈا میں تیز ترین رفتار سے بڑھنے والے شہروں میں سے ایک کے طور پر برامپٹن 650,000 لوگوں اور 70,000 کاروباروں کا گھر ہے۔** ہمارے ہر عمل کا مرکز عوام ہوتے ہیں۔ ہمیں اپنی متنوع کمیونٹی سے توانائی ملتی ہے، ہم سرمایہ کاری کے لیے کشش پیدا کرتے ہیں اور ہم ٹیکنالوجی اور ماحولیاتی جدت میں رہنما کردار ادا کرنے کے سفر پر نکل رہے ہیں۔ ہم ایک صحت مند شہر کی تعمیر میں بڑھوتری کے لیے مل کر کام کرتے ہیں، جو محفوظ، قابل استحکام اور کامیاب ہو۔ ہمارے ساتھ ٹوئٹر، فیس بک اور انسٹاگرام پر مربوط ہوں۔ www.brampton.ca پر مزید جانیں۔

**میڈیا کنٹیکٹ**

مونیکا ڈوگال
کوآرڈینیٹر، میڈیا اینڈ کمیونٹی انگیجمنٹ
اسٹریٹیجک کمیونیکیشن
سٹی آف برامپٹن
905-874-3426 |Monika.Duggal@brampton.ca